علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ حدیث وعلوم حدیث)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ حدیث (4622) سمسٹر: بہار 2026

سطح: ایم اے اسلامیات

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ کتاب العلم کی روشنی میں استاد اور شاگرد کے لیے کیا راہ نمائی موجود ہے؟ تبصرہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ سنن ابی داؤد کی خصوصیات بیان کریں اور اس کے نسخوں کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اپنے بھائی سے ترک تعلق کی مذمت سے متعلق احادیث بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ مسلمان بھائی کی مدد کرنے کے فضائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ شفقت اور مہربانی سے متعلق احادیث اور ان کے تشریحی نکات بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ غلام اپنے مالک کو کس نام سے پکارے؟ احادیث کی روشنی میں تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اشعار سے متعلق احادیث اور ان کے تشریحی نکات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ گھر سے نکلتے وقت کی دعائیں مع ترجمہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ عصبیت کی مذمت سے متعلق احادیث اور ان کے تشریحی نکات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانے سے متعلق احادیث اور ان کے تشریحی نکات بیان کریں۔ (20)